## سوال

(73) مجبوراًخود کو کافر ظاہر کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا عملی طور پر مجبور کیے جانے کی بنا پر خود کو کافر ظاہر کرنا جائز ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب ''اکراہ'' ثابت ہوجائے تو ایسے شخص کے لئے خود کو کافر ظاہر کرنا جائز ہے۔. بشرطیکہ دل میں ایمان پر اطمینان ہو۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے :

مَن كَفَرَ بِاللَّهِ مِن بَعدِ إيمـٰنِهِ إِلّا مَن أُكرِهَ وَقَلبُهُ مُطمَئِنٌّ بِالإيمـٰنِ وَلـٰكِن مَن شَرَحَ بِالكُفرِ صَدرًا فَعَلَيهِم غَضَبٌ مِنَ اللَّهِ وَلَهُم عَذابٌ عَظيمٌ (النحل ١٦/١٠٦)

''جس نے ایمان لانے کے بعد اللہ کے ساتھ کفر کیا۔ سوائے اس شخص کے جسے مجبور کیا گیا ہو اور اس کا دل ایمان پر مطمئن (اور پختہ) تھا۔ لیکن جس نے کھلے دل سے کفر کیا تو ایسے لوگوں پر اللہ کا غضب ہے اور ان کے لئے بڑا عذاب ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

### فتاویٰ ابن باز رحمہ اللہ

### جلد دوم- صفحہ 79

### محدث فتویٰ